اسیسمنٹ فریم ورک اور ماڈل پیپر

فنکشنل اُردو نہم

نیشنل کریکولم 2025

INCLUSIVE SCHEME OF STUDIES 2024



فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ
اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد

WE WORK FOR EXCELLENCE

فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

اسلام آباد

اسیسمنٹ فریم ورک

برائے

فنکشنل اردو نہم

کریکولم 2025

SCHEME OF STUDIES 2024

اظہارِ تشکر

اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری کے سلسلے میں تشکیلی و حتمی جانچ اور فنکشنل اُردو مضمون کے جن ماہرین نے مسلسل محنت کی۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

1. محترم امجد اقبال، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز، G-10/4 اسلام آباد
2. ڈاکٹر صائمہ صادق، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ایف جی لیاقت علی ڈگری کالج فار بوائز، پشاور روڈ راولپنڈی
3. ڈاکٹر فردوس کوثر، ایسوسی ایٹ پروفیسر، بحریہ کالج، ای ایٹ اسلام آباد
4. محترمہ سمیرا شعمین، ماہر مضمون، آرمی پبلک سکول اینڈ کالج سیکرٹریٹ، راولپنڈی

اس مؤقر و مؤثر پراجیکٹ کی تکمیل، چیئرمین وفاقی تعلیمی بورڈ جناب ڈاکٹر اکرام علی ملک کی نگرانی اور سرپرستی کے بغیر ممکن نہ تھی۔ اس سلسلے میں وفاقی تعلیمی بورڈ کا شعبہ ریسرچ کی کاوشیں خصوصی طور پر لائق تحسین ہیں خاص طور پر سید ذوالفقار شاہ، ڈپٹی سیکرٹری، ریسرچ اینڈ اکیڈمکس کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں ان کا فعال اور کلیدی کردار رہا ہے۔

مرزا علی

ڈائریکٹر

ایف بی آئی ایس ای، اسلام آباد

اسیسمنٹ فریم ورک فنکشنل اردو 2025

وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد امتحانی نظام کو بدلتی دنیا کے جدید تر تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر کمر بستہ ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے گاہے گاہے ایسے عملی اقدامات بھی اٹھائے جاتے ہیں جیسا کہ قومی نصاب اور حاصلات تعلم کی روشنی میں امتحانی پرچہ جات کی تیاری کو خصوصی طور پر اہمیت دی گئی ہے۔ ہماری اس کوشش کو طلبہ، اساتذہ، ماہرین مضمون اور تعلیمی اداروں کی جانب سے سراہا بھی جارہا ہے۔ اس تمام تناظر میں یہ بات خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد وطنِ عزیز کے تمام تعلیمی بورڈز میں سرفہرست ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ایسا لائحہ عمل ترتیب دیا جارہا ہے کہ جس پر عمل پیرا ہونے سے طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچوں کے ممتحنین کسی قسم کے ابہام کا شکار نہ رہیں گے۔

یہ امر ہمارے لیے باعثِ افتخار ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد نے جماعت نہم کے لیے اسیسمنٹ فریم ورک یعنی امتحانی نقطہ نظر سے تشکیلی جانچ (Formative Assessment) وحتمی جانچ (Summative Assessment) کا ایک ڈھانچہ تشکیل دینے کا اعزاز حاصل کیا ہے یہ اپنی نوع میں پاکستان کی سطح پر ایک نیا تجربہ ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ موجودہ قومی نصاب 2025 کو اس طرح عملی طور پر لاگو کیا جائے کہ طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچہ جات کے ممتحنین (Paper Setters) کو سالانہ امتحان کی تیاری کے سلسلے میں اپنے اپنے شعبے میں مکمل رہ نمائی دستیاب ہو جائے۔ طلبہ اس بات سے آگاہ ہوں کہ انھوں نے کیا پڑھنا ہے اور اساتذہ کرام کو پتا ہو کہ سالانہ امتحان کی ضرورت کے تحت انھوں نے کیا پڑھانا ہے جب کہ امتحانی پرچے کی تیاری میں بھی یہ فریم ورک مکمل طور پر مدد و معاون ثابت ہو۔ اس طرح تشکیلی و حتمی جانچ کا یہ ہمہ جہت خاکہ یا ڈھانچہ ایک مکمل رہ نما کا کردار ادا کرے گا۔

اسیسٹمنٹ فریم ورک کی تیاری میں تشکیلی و حتمی جانچ اور اُردو مضمون کے ماہرین اور تجربہ کار اساتذہ نے حصہ لیا۔ قومی نصاب 2025 کا گہرائی اور عمیق النظری سے مطالعہ کیا گیا۔ محنت، لگن اور توجہ کے ساتھ تمام حاصلات تعلم کا احاطہ کرتے ہوئے یہ فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔

تشکیلی جانچ (Formative Assessment)

تشکیلی جانچ (Formative Assessment) تعلیمی عمل کا ایک اہم عنصر ہے، جو طلبہ اور معلمین دونوں کے لیے جماعت (Class Room) میں ہونے والے تدریسی عمل اور تعلم کا موثر جائزہ پیش کرتا ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ سیکھنے سکھانے کے عمل سے جڑی ہوتی ہے جو کہ طلبہ کی فہم اور تدریسی عمل کی کارکردگی اور کارآمد ہونے کو پرکھتے ہوئے آئندہ کی تدریسی حکمت عملی مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ میں سند (Certificate) کا اجرا نہیں کیا جاتا بلکہ اس کا بنیادی مقصد تعلم کے موثر یا غیر موثر ہونے کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہوتا ہے۔

تشکیلی جانچ کا بنیادی مقصد تعلم کے عمل میں رہ جانے والی خامیوں کی نشان دہی کرنا ہوتی ہے تاکہ بروقت اقدامات کرکے ان کی تلافی کی جاسکے اور پڑھانے کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔ یہ مؤثر اور متحرک طریقہ کار اساتذہ کرام کو اپنے طلبہ کی نصابی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنے تدریسی تعامل میں بہتری لانے کے لئے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ذہنی آزمائش کے سوالوں یا کلاس میں بحث ومباحثہ کے ذریعے اساتذہ کرام کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلاس کے کتنے بچے کسی ایک مخصوص موضوع کو سمجھنے میں کتنی دقت محسوس کررہے ہیں اور کتنی نئی معلومات اوراضافی توضیحات کے ساتھ یا کسی تدریسی تعامل کی مدد سے اپنے موضوعِ تدریس پر نظر ثانی کی کسی حد تک ضرورت ہے۔ تدریسی عمل کی یہ لچک مطالعاتی مواد کی ہمہ جہت اور گہری تفہیم کے لئے بہت ضروری ہوتی ہے۔ تشکیلی جانچ کی مختلف صورتیں ہیں جس میں کمرہ جماعت میں بحث ومباحثہ، مشاہدات اورزبانی سوالاً جواباً جیسے غیر روایتی دوستانہ طریقے شامل ہیں۔

تشکیلی جانچ کا تنوع اساتذہ کرام کے لیے مختلف النوع ترجیحات کا دروازہ کھول دیتا ہے تاکہ سیکھنے کے سفر میں تمام طلبہ مشغول اور مصروف کار رہیں۔ تشکیلی جانچ جماعت (Class Room) میں سیکھنے کے عمل کے سازگار ماحول پیدا کرنے کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔

تشکیلی جانچ ایک ایسا طاقت ور پیمانہ ہے جسے موثر طریقے سے نافذ العمل کرکے سیکھنے سکھانے کے عمل کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ یہ طلبہ اور اساتذہ کے لئے بصیرت افروز ثابت ہوتی ہے اور ایک ایسا سازگار ماحول تخلیق کرتی ہے جس میں سیکھنے سکھانے کا عمل دوچند ہوجاتا ہے۔

حتمی جانچ(Summative Assessment)

حتمی جانچ(Summative Assessment) تعلیمی سرگرمیوں کا ایک ایسا بنیادی عنصر ہے جسے ایک مخصوص تدریسی دورانیے (سیشن) کے اختتام پر طلبہ کے تعلم اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرتب کیا جاتا ہے۔ تشکیلی جانچ کے برعکس حتمی جانچ ایک ایسے پیمانے اور میزان کا کام دیتی ہے جس سے اس بات کی صراحت ہو جاتی ہے کہ طلبہ نے کتنا اور کیا کچھ سیکھا ہے۔ حتمی جانچ کا انعقاد کسی سبق، نصاب یا تدریسی عمل کے اختتام پر کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں حتمی جانچ کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ تدریسی مقاصد کا حصول کس حد تک ممکن ہو سکا ہے۔ حتمی جانچ کا بنیادی مقصد تدریس و تعلم کی مجموعی کارکردگی کی پرکھ کرتے ہوئے اس کی سند (Certificate) کا اجرا ہوتا ہے۔ حتمی جانچ اکثر اوقات تحریری امتحانات کی شکل میں ہوتی ہے ۔ اس جانچ کے ذریعے طلبہ کسی مخصوص مضمون میں یا تمام مضامین میں وقت کے مخصوص دورانیئے عموماً سال کے آخر میں اپنی تعلیمی کارکردگی وصلاحیت کی بنیاد پر سند (Certificate) حاصل کرتے ہیں۔

حتمی جانچ طلبہ کی تدریجی کارکردگی، سند یافتگی یا تدریس و تعلم کی مختلف سطحوں پر درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ حتمی جانچ کے نتائج کے اشاریوں سے ہمیں تدریسی حکمتِ عملی اور نصاب کے حوالے سے مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں ۔ حتمی جانچ کے نتائج کا تجزیہ کرنے سے ماہرینِ تعلیم کو مستقبل کے تدریسی عمل میں بہتری لانے کا موقع میسر آتا ہے جس سے وہ تدریس و تعلم کی خوبیوں، خامیوں اور رجحانات کی نشاندہی کرتے ہیں۔

طلبہ کی مجموعی کارگردی کا جائزہ مہیا کرتے ہوئے حتمی جانچ، تدریس و تعلم میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے جب کہ یہ اپنی اہمیت اور تعامل کے حوالے سے تشکیلی جانچ سے مختلف ہوتی ہے۔ تعلیمی کارکردگی کی جانچ کے حوالے سے حتمی جانچ ایک نہایت ضروری پیمانہ ہے۔ حتمی جانچ طلبہ کی کارکردگی میں مجموعی بہتری لانے میں بہت موثر اور اہم کردار ادا کرتی ہے۔

ASSESSMENT FRAMEWORK FOR FUNCTIONAL URDU

National Curriculum 2025

SLOs Bifurcation Class 9th – 10th

مہارت: (الف) سننا		
معیار: مختلف سمعی ذرائع سے سنی جانے والی اُردو پر اپنی توجہ، فہم اور ادراک سے معانی کا اکتساب اور اظہار رائے۔		
حد تدریج		
جماعت نہم	**جماعت دہم**	**تبصرہ / ریمارکس**
۱۔ نظم و نثر کی رفتار اور معیار کے ساتھ سماعت کرنا ۲۔ کلام سن کر ادبی، تکنیکی اور اصطلاحی مفاہیم تک رسائی حاصل کرنا ۳۔ ذرائع ابلاغ سے نشریات وغیرہ سن کر اخلاقی، معاشی اور ثقافتی امور پر تبصرہ کرنا **نوٹ: اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔**		**مہارت "سننا" : تشکیلی جانچ** اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔
مہارت: (ب) بولنا		
معیار: درست قواعد، تلفظ اور زبان کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ مکمل جملوں میں مختلف صورت حال کے مطابق گفت گو، اپنے مؤقف، مدعا، رائے (مافی الضمیر) کا مدلل بیان، کسی موضوع پر چند جملے، مربوط اور منظم تقریر		
حد تدریج		
جماعت نہم	**جماعت دہم**	**تبصرہ / ریمارکس**
۱۔ روزمرہ بول چال (اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) میں ربط و تسلسل کے ساتھ مدلل گفت گو کرنا۔ ۲۔ کسی موضوع پر اپنے خیالات اور مافی الضمیر کو درست لب و لہجے اور انداز کے ساتھ پیش کرنا۔ ۳۔ کسی تحریر / تقریر پر تنقیدی تبصرہ کرنا۔ **نوٹ: اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔**		**مہارت "بولنا" : تشکیلی جانچ** اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔
مہارت: (ج) پڑھنا		
معیار: الفاظ، جملوں اور تحریر کی پہچان، صحیح تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھائی اور سوالات کے مربوط جوابات		

حدِ تدریج		
جماعت نہم	جماعت دہم	تبصرہ / ریمارکس
۱۔ادبی ،مجازی تکنیکی اور اصطلاحی مفہوم کے پیشِ نظر عبارت (نظم ونثر) کو پڑھنا۔ ۲۔عمومی مطالعے کی عادت اپنانا		**مہارت "پڑھنا"** اس مہارت کا درج شدہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا جب کہ دیگر حاصلات تعلم کی تشکیلی جانچ اساتذہ کرام دوران تدریس کریں گے۔

حاصل تعلم کا نمبر	جانچ کی نوعیت	جماعت نہم	جماعت دہم	تبصرہ / ریمارکس
SLO: U-9-C-[03] SLO: U-10-C-[03]	Summative	فہم کے ساتھ نظم ونثر پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جواب دے سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔

نوٹ: "پڑھنا" مہارت کے درج بالا حاصل تعلم (SLO) کے علاوہ دیگر تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔ان کی جانچ اساتذہ کرام دوران تدریس کریں گے۔

تشکیلی جانچ کے حاصلات تعلم یہ ہیں:

جماعت نہم: SLO: U-9-C-[1][2][4][5][6][7][8][9][10][11][12][13][14][15]

جماعت دہم: SLO: U-10-C-[1][2][4][5][6][7][8][9][10][11][12][13][14][15]

مہارت: (د)لکھنا

معیار: الفاظ وتراکیب، جملوں اور عبارت کا درست قواعد اور ترتیب کے ساتھ نظم ونثر اور روز مرہ تحاریر میں مہارت سے استعمال، مربوط، رواں اور موزوں انداز میں مختلف تحریروں کی ساخت اور اصناف کی مناسبت سے اپنے مشاہدات، خیالات، معلومات اور احساسات کی تحریری پیش کش۔

حد تدریج		
جماعت نہم	جماعت دہم	تبصرہ / ریمارکس

۱۔ سیکھی گئی مہارتوں کا استعمال کرتے ہوئے تحریری صلاحیت کا مظاہرہ کرنا۔ ۲۔ تحریر میں معانی کی وضاحت کے لیے علامات او قاف اور قواعد کی مہارتوں کو بر محل استعمال کرنا۔ ۳۔ مختلف النوع مقاصد کے لیے تحاریر میں خیالات کو ترتیب اور تسلسل کے ساتھ تحریری طور پر پیش کرنا ۴۔ مرکزی خیال / خلاصہ / تبصرہ / تجزیہ / موازنہ وغیرہ تحریر کرنا۔ ۵۔ کسی عنوان پر مربوط مکالمہ، کہانی، مضمون، خط، روداد، ای- میل، درخواست، دعوت نامے اور رسید وغیرہ لکھنا				**مہارت "لکھنا" : حتمی جانچ** اس مہارت کے کچھ حاصلات تعلم کے علاوہ تمام حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے۔
حاصل تعلم کا نمبر	**جانچ کی نوعیت**	**جماعت نہم**	**جماعت دہم**	**تبصرہ / ریمارکس**
SLO: U-09-D-[01] SLO: U-10-D-[01]	Formative	مختلف تحریری سرگرمیوں میں الفاظ کے درست املا کا خیال رکھتے ہوئے نظر ثانی / ادارت کر سکیں۔ (اطلاقی)		اس حاصل تعلم کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔
SLO: U-09-D-[02] SLO:U-10-D-[02]	Summative	نظم و نثر کے مفہوم کا آسان الفاظ میں تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-D-[03] SLO:U-10-D-[03]	Summative	نظم و نثر کو پڑھ کر ان کے اہم نکات کا خلاصہ لکھ سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-D-[04] SLO: U-10-D-[04]	Summative	نظم و نثر کو پڑھ کر اس کا مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-D-[05] SLO: U-10-D-[05]	Formative	اپنی جماعت کے معیار کے مطابق انگریزی متن کا اردو میں ترجمہ کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)		اس حاصل تعلم کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔
SLO: U-09-D-[06] SLO: U-10-D-[06]	Summative	کسی بھی موضوع پر مکالمہ تحریر کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	عمومی موضوعات پر کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھ سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	جماعت نہم میں مکالمہ نویسی جب کہ جماعت دہم میں مضمون نویسی کی جانچ کی جائے گی۔

SLO: U-09-D-[07] SLO: U-10-D-[07]	Summative	کسی بھی سفر یا تقریب کی روداد تحریر کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی)	رسمی، غیر رسمی خط / ای- میل تحریر کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	جماعت نہم میں روداد نویسی جب کہ جماعت دہم میں رسمی، غیر رسمی خط / ای- میل کی جانچ کی جائے گی۔
SLO: U-09-D-[08] SLO: U-10-D-[08]	Summative	متعلقہ معلومات کی فراہمی کے لیے مختلف دستاویزی فارمز مثلاً: داخلہ فارم اور بینک اکاؤنٹ فارم پر کر سکیں۔(اطلاقی)	متعلقہ معلومات کی فراہمی کے لیے مختلف دستاویزی فارمز مثلاً: رجسٹریشن فارم پر کر سکیں۔(اطلاقی)	اس حاصل تعلم کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بجائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔
SLO: U-09-D-[09] SLO: U-10-D-[09]	Summative	مختلف محکموں کے لیے درخواست تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی)	روزنامچہ / ڈائری تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی)	جماعت نہم میں درخواست نویسی جب کہ جماعت دہم میں روزنامچہ / ڈائری کی جانچ کی جائے گی۔
SLO: U-09-D-[10] SLO: U-10-D-[10]	Summative	دعوت نامے تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی)	رسید (بل، میمو) تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی)	جماعت نہم میں دعوت نامہ جب کہ جماعت دہم میں رسید (بل، میمو) کی جانچ کی جائے گی۔
SLO: U-09-D-[11] SLO: U-10-D-[11]	Summative	اقتباسات کی تلخیص کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-D-[12] SLO: U-10-D-[12]	Summative	کسی بھی موضوع پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-D-[13] SLO: U-10-D-[13]	Summative	پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی ضرورت کے تحت اشتہار تخلیق کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
مہارت:(ہ) قواعد / زبان شناسی				
معیار: زبان کے تکنیکی پہلوؤں یعنی قواعد کا عملی زندگی (تحریر اور تقریر) میں درست اور بروقت استعمال				
حد تدریج				
جماعت نہم		**جماعت دہم**		

۱۔ تحریر کو صحت رفتار اور قواعد کے ساتھ پیش کرنا۔ ۲۔ تحریر میں رموز او قاف اور اعراب کا درست استعمال کرنا۔				**مہارت "قواعد / زبان شناسی" : حتمی جانچ** اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے۔
حاصل تعلم کا نمبر	**جانچ کی نوعیت**	**جماعت نہم**	**جماعت دہم**	**تبصرہ / ریمارکس**
SLO: U-09-E-[01] SLO: U-10-E-[01]	Summative	واحد جمع (جمع مکسر، جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-E-[02] SLO: U-10-E-[02]	Summative	تذکیر و تانیث (اسما اور ضمائر) کی فہم رکھتے ہوئے تحریر و تخلیق میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-E-[03] SLO: U-10-E-[03]	Summative	متضاد الفاظ کی جوڑیاں شناخت کرتے ہوئے تحریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-E-[04] SLO: U-10-E-[04]	Summative	متشابہ الفاظ (بہ لحاظ املا، اعراب، آواز) کی نشان دہی کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-E-[05] SLO: U-10-E-[05]	Summative	جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی نشان دہی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-E-[06] SLO: U-10-E-[06]	Summative	علامت او قاف: سکتہ، وقفہ، واوین، قوسین، ندائیہ اور ختمہ کی شناخت اور درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-E-[07] SLO: U-10-E-[07]	Summative	ساخت، بناوٹ، روزمرہ محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔
SLO: U-09-E-[08] SLO: U-10-E-[08]	Summative	ضرب الامثال، روزمرہ اور محاورات میں امتیاز کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں ان کا استعمال کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)		یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔

ہدایات برائے عملی (فنکشنل) اُردو- ایس ایس سی-I

(قومی نصاب پاکستان 2025ء)

نوٹ:	**درج ذیل ہدایات کو پرچہ تشکیل دیتے وقت ملحوظ رکھا جائے۔**	
حصہ اوّل (کل نمبر15)		
سوال نمبر1	مہارت قواعد / زبان شناسی وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب2025 برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل ہیں، کے مطابق 15 کثیر الانتخابی سوالات دیے جائیں گے۔ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ قواعد / زبان شناسی پر مبنی سوالات جماعت نہم کی درسی کتاب میں موجود مواد یا اس کی مساوی سطح کے مطابق ہونے چاہییں مزید برآں جماعت نہم کے طلبہ کی ذہنی استعداد کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے۔	(15)
حصہ دوم (کل نمبر26)		
سوال نمبر2: جز الف	(حصہ نثر) نثری عبارت یا اقتباس کی طوالت 120 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہوگی۔ یہ عبارت قومی نصاب2025ء برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل مصنفین کے مجوزہ موضوعات / تحریروں / متون سے دی جائے گی۔ اس عبارت سے جماعت نہم کے حاصلات تعلم کی روشنی میں 6 سوالات بنائے جائیں گے۔ پہلے چار سوال "مہارت: قواعد / زبان شناسی" کے حاصلات تعلم سے بنائے جائیں گے۔ پانچواں سوال تفہیمی نوعیت کا ہوگا جس میں انتخاب کا حق ہوگا (مہارت: پڑھنا) ۔ آخری سوال مرکزی خیال / تلخیص کا ہوگا۔ (مہارت: لکھنا)	(6×3=18)
جز ب	(حصہ شعر) اس حصہ میں دیے گئے دو غزلیہ اور دو نظمیہ اشعار قومی نصاب2025ء برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل شعرا کی نظمیہ اور غزلیہ شاعری سے لیے جائیں گے اور حاصلات تعلم کی روشنی میں 4 سوالات بنائے جائیں گے۔ دوسرے سوال میں انتخاب کا حق دیا جائے گا۔	(4×2 =8)
حصہ سوم (کل نمبر34)		
سوال نمبر3:	اس سوال میں قومی نصاب2025ء برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل شعرا کی نظمیہ اور غزلیہ شاعری سے دو دو اشعار پر مشتمل دو شعری اجزا دیے جائیں گے۔ جن میں سے کسی ایک جز کا مفہوم تحریر کرنا ہوگا۔	(3+3=6)
سوال نمبر4:	اس سوال میں قومی نصاب2025ء برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل انتخابی موضوعات (نثر) "اوور کوٹ، آرام و سکون، توبۃ النصوح (انتخاب: علیم اور باپ کی گفتگو)، نام دیومالی اور قدر ایاز" میں سے کسی ایک کا خلاصہ دیا جائے گا جو لازمی کرنا ہوگا۔ اس سوال کے کل 7 نمبروں میں سے 5 نمبر متن جب کہ 2 نمبر عملی قواعد / زبان شناسی کے درست استعمال کے لیے مختص ہوں گے۔	(5+2=7)
سوال نمبر 5:	اس سوال میں کسی بھی موضوع پر مکالمہ اور رُوداد (سفر یا تقریب کی) شامل ہے۔ دونوں میں سے ایک موضوع پر لکھنا ہوگا۔ اس سوال کے کل 7 نمبروں میں سے 5 نمبر متن جب کہ 2 نمبر عملی قواعد / زبان شناسی کے درست استعمال کے لیے مختص ہوں گے۔	(5+2=7)
سوال نمبر6:	اس سوال میں مختلف محکموں کے نام درخواست نویسی اور دعوت نامہ شامل ہے۔ دونوں میں سے ایک موضوع پر لکھنا ہوگا۔ نفسِ مضمون کے 4 نمبر اور اجزا کے 3 نمبر ہوں گے۔	(4+3=7)
سوال نمبر7:	اس سوال میں حوالوں اور اشعار کے ساتھ تقریر لکھنا (250 سے 300 الفاظ) یا پرنٹ / الیکٹرانک میڈیا کی ضرورت کے تحت اشتہار تخلیق کرنا شامل ہوگا۔ دونوں میں سے کوئی ایک کرنا ہوگا۔ مزید برآں اشتہار کے علاوہ مختلف دستاویزی فارمز جیسے داخلہ فارم اور بینک اکاؤنٹ فارم پُر کرنے کا سوال بھی پوچھا جاسکتا ہے۔ تقریر کے کل 7 نمبروں میں سے 3 نمبر متن کے، 2 نمبر حوالوں اور اشعار کے، جب کہ 2 نمبر عملی قواعد / زبان شناسی کے درست استعمال کے لیے مختص ہوں گے۔	(7)
نوٹ:	**ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔**	

فہرست مصنفین، شعرا اور موضوعات برائے عملی (فنکشنل) اُردو (لازمی)

قومی نصاب پاکستان ۲۰۲۵ء

نویں جماعت			
افسانوی و غیر افسانوی ادب	ذیلی تقسیم	انتخابی متن / اقتباسات	
نثر	سیرت نگاری	اخلاق حسنہ (وعدے کی پابندی)	سید سلیمان ندوی
	افسانہ	اوور کوٹ	غلام عباس
	ڈراما	آرام و سکون	امتیاز علی تاج
	ناول	توبۃ النصوح (انتخاب: علیم اور باپ کی گفتگو)	ڈپٹی نذیر احمد
	خاکہ نگاری	نام دیومالی	مولوی عبدالحق
	طنز و مزاح	قدر ایاز	کرنل محمد خان
	مضمون	دو مضامین ٹیکنیکل موضوعات پر مبنی ہوں گے۔ 1۔ ٹیکنیکل مضامین کی اسکیم آف سٹڈیز کے مطابق چار شعبہ جات (ایڈورٹائزنگ، ٹیلی کمیونی کیشن ٹیکنالوجی، سول کنسٹرکشن ٹیکنالوجی (سڑکیں اور پل)، کمپیوٹر ایپلی کیشن) کا مختصر تعارف 2۔ کام یابی کا سفر: دو کام یاب کاروباری شخصیات کی کہانی (شہری اور دیہاتی علاقوں سے ایک مرد اور ایک خاتون: ایک ملکی سطح کی اور ایک مقامی سطح کی) شامل کریں۔	
شاعری	نظم	**حمد** (کوئی تو ہے جو نظام ہستی چلا رہا ہے) **نعت** (دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تم ہی تو ہو) **جاوید کے نام** (دیار عشق میں اپنا مقام پیدا کر) **پیام لطیف** (سندھی زبان سے ترجمہ۔ کوئی سے پانچ اشعار)	مظفر وارثی ظفر علی خان علامہ محمد اقبال مترجم شیخ ایاز
	غزل	فقیرانہ آئے صدا کر چلے وہ ساحلوں پہ گانے والے کیا ہوئے	میر تقی میر ناصر کاظمی

ہدایات برائے عملی (فنکشنل) اُردو- ایس ایس سی-I

(قومی نصاب پاکستان 2025ء)

نوٹ:	**درج ذیل ہدایات کو پرچہ تشکیل دیتے وقت ملحوظ رکھا جائے۔**	
حصہ اوّل (کل نمبر15)		
سوال نمبر1	مہارت قواعد / زبان شناسی وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب2025 برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل ہیں، کے مطابق 15 کثیر الانتخابی سوالات دیے جائیں گے۔ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ قواعد / زبان شناسی پر مبنی سوالات جماعت نہم کی درسی کتاب میں موجود مواد یا اس کی مساوی سطح کے مطابق ہونے چاہییں مزید برآں جماعت نہم کے طلبہ کی ذہنی استعداد کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے۔	(15)
حصہ دوم (کل نمبر26)		
سوال نمبر2: جز الف	(حصہ نثر) نثری عبارت یا اقتباس کی طوالت 120 سے 150 الفاظ پر مشتمل ہو گی۔ یہ عبارت قومی نصاب2025ء برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل مصنفین کے مجوزہ موضوعات / تحریروں / متون سے دی جائے گی۔ اس عبارت سے جماعت نہم کے حاصلات تعلم کی روشنی میں 6 سوالات بنائے جائیں گے۔ پہلے چار سوال "مہارت: قواعد / زبان شناسی" کے حاصلات تعلم سے بنائے جائیں گے۔ پانچواں سوال تفہیمی نوعیت کا ہو گا جس میں انتخاب کا حق ہو گا (مہارت: پڑھنا) ۔ آخری سوال مرکزی خیال / تلخیص کا ہو گا۔ (مہارت: لکھنا)	(6×3=18)
جز ب	(حصہ شعر) اس حصہ میں دیے گئے دو غزلیہ اور دو نظمیہ اشعار قومی نصاب2025ء برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل شعرا کی نظمیہ اور غزلیہ شاعری سے لیے جائیں گے اور حاصلات تعلم کی روشنی میں 4 سوالات بنائے جائیں گے۔ دوسرے سوال میں انتخاب کا حق دیا جائے گا۔	(4×2 =8)
حصہ سوم (کل نمبر34)		
سوال نمبر3:	اس سوال میں قومی نصاب2025ء برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل شعرا کی نظمیہ اور غزلیہ شاعری سے دو دو اشعار پر مشتمل دو شعری اجزا دیے جائیں گے۔ جن میں سے کسی ایک جز کا مفہوم تحریر کرنا ہو گا۔	(3+3=6)
سوال نمبر4:	اس سوال میں قومی نصاب2025ء برائے عملی (فنکشنل) اُردو (جماعت نہم) میں شامل انتخابی موضوعات (نثر) "اوور کوٹ، آرام و سکون، توبۃ النصوح (انتخاب: علیم اور باپ کی گفتگو)، نام دیومالی اور قدر ایاز" میں سے کسی ایک کا خلاصہ دیا جائے گا جو لازمی کرنا ہو گا۔ اس سوال کے کل 7 نمبروں میں سے 5 نمبر متن جب کہ 2 نمبر عملی قواعد / زبان شناسی کے درست استعمال کے لیے مختص ہوں گے۔	(5+2=7)
سوال نمبر 5:	اس سوال میں کسی بھی موضوع پر مکالمہ اور رُوداد (سفر یا تقریب کی) شامل ہے۔ دونوں میں سے ایک موضوع پر لکھنا ہو گا۔ اس سوال کے کل 7 نمبروں میں سے 5 نمبر متن جب کہ 2 نمبر عملی قواعد / زبان شناسی کے درست استعمال کے لیے مختص ہوں گے۔	(5+2=7)
سوال نمبر6:	اس سوال میں مختلف محکموں کے نام درخواست نویسی اور دعوت نامہ شامل ہے۔ دونوں میں سے ایک موضوع پر لکھنا ہو گا۔ نفسِ مضمون کے 4 نمبر اور اجزا کے 3 نمبر ہوں گے۔	(4+3=7)
سوال نمبر7:	اس سوال میں حوالوں اور اشعار کے ساتھ تقریر لکھنا (250 سے 300 الفاظ) یا پرنٹ / الیکٹرانک میڈیا کی ضرورت کے تحت اشتہار تخلیق کرنا شامل ہو گا۔ دونوں میں سے کوئی ایک کرنا ہو گا۔ مزید برآں اشتہار کے علاوہ مختلف دستاویزی فارمز جیسے داخلہ فارم اور بینک اکاؤنٹ فارم پُر کرنے کا سوال بھی پوچھا جاسکتا ہے۔ تقریر کے کل 7 نمبروں میں سے 3 نمبر متن کے، 2 نمبر حوالوں اور اشعار کے، جب کہ 2 نمبر عملی قواعد / زبان شناسی کے درست استعمال کے لیے مختص ہوں گے۔	(3+2+2=7)
نوٹ: ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔		

ROLL NUMBER						
0	0	0	0	0	0	0
1	1	1	1	1	1	1
2	2	2	2	2	2	2
3	3	3	3	3	3	3
4	4	4	4	4	4	4
5	5	5	5	5	5	5
6	6	6	6	6	6	6
7	7	7	7	7	7	7
8	8	8	8	8	8	8
9	9	9	9	9	9	9

VERSION NO			
0	0	0	0
1	1	1	1
2	2	2	2
3	3	3	3
4	4	4	4
5	5	5	5
6	6	6	6
7	7	7	7
8	8	8	8
9	9	9	9

عملی (فنکشنل) اُردو ایس ایس سی۔I

(قومی نصاب 2025)

حصہ اوّل (کل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.
Do not use lead pencil.

حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔
کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Candidate Sign._____ **Invigilator Sign.** _____

نوٹ: ہر جز کے لیے درست دائرہ پُر کریں۔ ہر جز کا ایک نمبر ہے۔

Note: Fill the correct bubble for each part. Each part carries one mark.

سیریل	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
.i	درست متضاد الفاظ کی جوڑی ہے:	غم و الم	ظاہر و باطن	اوّل، اوائل	بلند و بالا	O	O	O	O
.ii	روزمرہ کی رُو سے درست جملہ ہے:	مجھے لاہور جانا ہے	میں نے لاہور جانا ہے	مجھ کو لاہور جانا ہے	میرے کو لاہور جانا ہے	O	O	O	O
.iii	درست ضرب المثل ہے:	آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔	آسمان سے گرا پہاڑ میں اٹکا۔	آسمان سے گرا درخت میں اٹکا۔	آسمان سے گرا چھت میں اٹکا۔	O	O	O	O
.iv	محاورے کے لحاظ درست جملہ ہے:	اسلم کام مکمل کر کے بعد بکرے بیچ کر سویا۔	اسلم کام مکمل کرنے کے بعد گھوڑے بیچ کر سویا۔	اسلم کام مکمل کر نے کے بعد گدھے بیچ کر سویا۔	اسلم کام مکمل کر نے کے بعد دنبے بیچ کر سویا۔	O	O	O	O
.v	روزمرہ کے لحاظ سے درست جملہ ہے:	تم جھوٹ کیوں مارتے ہو؟	تم جھوٹ کیوں کہتے ہو؟	تم جھوٹ کیوں بولتے ہو؟	تم جھوٹ کیوں بگھارتے ہو؟	O	O	O	O
.vi	علامتِ واوین ہے:	) (	” “	/	؏	O	O	O	O
.vii	متشابہ الفاظ ہیں:	غم، الم	عام، عَلَم	عَلَم، قلَم	الم، عَلَم	O	O	O	O
.viii	اے اللہ! میری مدد فرما۔ جملے میں مستعمل علامت کہلاتی ہے:	سکتہ	وقفہ	ندائیہ	واوین	O	O	O	O
.ix	سلیمان نے بال کٹوائے۔ اس جملے میں فعل ہے:	سلیمان	نے	بال	کٹوائے	O	O	O	O
.x	واحد سے جمع بناتے ہوئے واحد کی صورت بالکل بدل جائے تو اسے کہتے ہیں:	جمع الجمع	جمع سالم	جمع تثنیہ	جمع مکسر	O	O	O	O
.xi	علامتِ وقفہ کا استعمال ہے:	آپ کا نام کیا ہے؟	احمد، اسلم اور اکرم	سچ ہے: اتفاق میں	بیٹھنا ہے تو بیٹھو؛ جانا	O	O	O	O

			لاہور گئے۔	برکت ہے۔	ہے تو چلے جاؤ		
.xii	آپ اتنی دیر سے کیوں آئے ہیں؟ مثال میں حرف ہے:	دیر	آپ	سے	آئے	O	O O O
.xiii	درست جمع سالم ہے:	ماہر سے ماہرین	عالم سے علما	خاتون سے خواتین	نور سے انوارات	O	O O O
.xiv	اسم کی نشان دہی کریں:	چوں کہ	ہے	خریدا	موسم	O	O O O
.xv	تذکیر و تانیث کے حوالے سے درست جملہ ہے:	ہمارے گھر اخبار آتا ہے۔	یہ میز پرانا ہو گیا ہے۔	میں نے دہی خریدی۔	گلی میں کیچڑ ہو گیا۔	O	O O O

فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت نہم(SSC-I)

ماڈل پرچہ عملی(فنکشنل)اُردو

قومی نصاب(2025)

وقت: 2:40 گھنٹے | کل نمبر:60

نوٹ : حصہ دوم اور حصہ سوم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔جوابات مختص کردہ جگہ پر تحریر کریں۔

حصہ دوم کل نمبر(26)

سوال نمبر 2	(الف:حصہ نثر) عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔	(6x3=18)
	ایک سال بارش بہت کم ہوئی۔ کنوؤں اور باؤلیوں میں پانی برائے نام رہ گیا۔ باغ پر آفت ٹوٹ پڑی۔ بہت سے پودے اور پیڑ تلف ہو گئے۔ جو بچ رہے وہ ایسے نڈھال اور مرجھائے ہوئے تھے جیسے دق کے بیمار۔ لیکن نام دیو کا چمن ہر ابھرا تھا اور وہ دُور دُور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اُٹھا کر لاتا اور پودوں کو سینچتا۔ یہ وہ وقت تھا کہ قحط نے لوگوں کے اوسان خطا کر رکھے تھے اور اُنھیں پینے کو پانی مشکل سے میسر آتا تھا۔ مگر یہ خدا کا بندہ کہیں نہ کہیں سے لے ہی آتا اور اپنے پودوں کی پیاس بجھاتا۔ جب پانی کی قلت اور بڑھی تو اس نے راتوں کو بھی پانی ڈھوڈھو کے لانا شروع کیا۔ پانی کیا تھا یوں سمجھیے آدھا پانی اور آدھی کیچڑ ہوتی تھی لیکن یہی گدلا پانی پودوں کے حق میں آب حیات تھا۔ میں نے اس بے مثل کار گزاری پر اُسے انعام دینا چاہا تو اس نے لینے سے انکار کر دیا۔ شاید اُس کا کہنا ٹھیک تھا کہ اپنے بچوں کے پالنے پوسنے میں کوئی انعام کا مستحق نہیں ہوتا۔	
سوالات:		
.i	عبارت میں سے کوئی سے تین جمع الفاظ تلاش کر کے لکھیں۔	
.ii	اقرار، کثرت، صاف کے متضاد الفاظ عبارت میں سے تلاش کر کے لکھیں۔	
.iii	آفت ٹوٹ پڑنا، اوسان خطا ہونا، تلف ہونا۔ دیے گئے محاورات کے جملے اس طرح بنائیں کہ ان کے معنی واضح ہو جائیں۔ ضروری ہے کہ جملے عبارت سے نہ لیے جائیں۔	
.iv	اس عبارت میں سے تین فعل تلاش کر کے لکھیں۔	
.v	عبارت کی روشنی میں نام دیو کی شخصیت کا نمایاں پہلو بیان کریں۔ یا نام دیو نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟	
.vi	اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔	
(ب:حصہ شعر)	درج ذیل نظمیہ اشعار کو پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔	(4x2=8)
.i	کوئی تو ہے جو نظام ہستی چلا رہا ہے، وہی خدا ہے — دکھائی بھی جو نہ دے نظر بھی جو آ رہا ہے، وہی خدا ہے	
.ii	گرتے ہوؤں کو تھام لیا جس کے ہاتھ نے — اے تاج دارِ یثرب و بطحا تمھی تو ہو	
.iii	شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی — کہ مقدور تک تو دوا کر چلے	
.iv	یہ کون لوگ ہیں میرے اِدھر اُدھر — وہ دوستی نبھانے والے کیا ہوئے	
سوالات:		
.i	نظامِ ہستی سے کیا مراد ہے؟ (بحوالہ شعر i)	
.ii	یثرب و بطحا کی وضاحت کریں۔ یا "گرتے ہوؤں" سے کیا مراد ہے؟ (بحوالہ شعر ii)	
.iii	تیسرے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیں۔	

iv.	شاعر کو اپنے ادھر اُدھر کے لوگوں میں کن کی کمی کا شکوہ ہے؟ (بحوالہ شعر iv)	
حصہ سوم (کل نمبر 34)		
سوال نمبر 3:	**درج ذیل میں سے کسی ایک جز کا مفہوم لکھیں۔**	**(3+3=6)**
	فقیرانہ آئے صدا کر چلے میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم سو اِس عہد کو اب وفا کر چلے (یا) دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر اُٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احساں سفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر	
سوال نمبر 4 :	**افسانہ "اوور کوٹ" کا خلاصہ تحریر کریں۔**	کل 7 نمبروں میں سے 5 نمبر متن جب کہ 2 نمبر عملی قواعد / زبان شناسی کے درست استعمال کے لیے مختص ہوں گے
سوال نمبر 5:	"کامیاب کاروبار کے اُصول" کے موضوع پر دو دکان داروں کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔ (رسمی آداب والقاب کے علاوہ 7 سے 10 مکالموں کا سیٹ) یا "الیکٹرک بائیک کی دکان کی افتتاحی تقریب" کی رُوداد تحریر کریں۔ (150 سے 200 الفاظ)	کل 7 نمبروں میں سے 5 نمبر متن جب کہ 2 نمبر عملی قواعد / زبان شناسی کے درست استعمال کے لیے مختص ہوں گے
سوال نمبر 6:	کسی ادارے کے سربراہ کے نام ملازمت کے حصول کے لیے درخواست تحریر کریں۔ یا پیشہ ورانہ تعلیم (ٹیکنیکل ایجوکیشن) کی اہمیت کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے لیے دعوت نامہ تحریر کریں۔	کل 7 نمبروں میں سے نفسِ مضمون کے 4 نمبر اور اجزا کے 3 نمبر ہوں گے
سوال نمبر 7:	موجودہ دور میں مصنوعی ذہانت کی ضرورت و اہمیت پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ تقریر تحریر کریں۔ (250 سے 300 الفاظ) یا میڈیکل لیبارٹری کی تشہیر کے لیے پرنٹ میڈیا کی ضرورت کے مطابق ایک اشتہار تخلیق کریں۔	(7)

عملی (فنکشنل) اُردو قومی نصاب ۲۰۲۵ء

ماڈل پرچہ برائے جماعت نہم

سوالات کی حاصلات تعلم کے ساتھ مطابقت / تعلق

SLOs Alignment Chart

حصہ اوّل					
نمبر شمار	حصہ: سوال نمبر۔ (جزو نمبر)	مہارت	حاصلات تعلم	وقوفی سطح cognitive Level	ماڈل پرچے میں مختص نمبر
۱	i.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[03] متضاد الفاظ کی جوڑیاں شناخت کرتے ہوئے تحریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۲	ii.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[07] ساخت، بناوٹ، روزمرہ محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۳	iii.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[08] ضرب الامثال، روزمرہ اور محاورات میں امتیاز کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں ان کا استعمال کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۴	iv.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[07] ساخت، بناوٹ، روزمرہ محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۵	v.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[07] ساخت، بناوٹ، روزمرہ محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۶	vi.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[06] علامت او قاف سکتہ، وقفہ، واوین، قوسین، ندائیہ اور ختمہ کی شناخت اور درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۷	vii.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[04] تشابہ الفاظ (بہ لحاظ املا، اعراب، آواز) کی نشان دہی کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۸	viii.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[06] علامت او قاف سکتہ، وقفہ، واوین، قوسین، ندائیہ اور ختمہ کی شناخت اور درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۹	ix.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[05] جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی نشان دہی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۱۰	x.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[01] واحد جمع (جمع مکسر، جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۱۱	xi.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[06] علامت او قاف سکتہ، وقفہ، واوین، قوسین، ندائیہ اور ختمہ کی شناخت اور درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۱۲	xii.	قواعد / زبان	SLO: U-09-E-[05] جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی نشان دہی کر سکیں۔	A	1

		شناسی	(تفہیمی / اطلاقی)		
۱۳	xiii.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[01] واحد جمع (جمع مکسر، جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۱۴	xiv.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[05] جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی نشان دہی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	A	1
۱۵	xv.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[02] تذکیر و تانیث (اسما اور ضمائر) کی فہم رکھتے ہوئے تحریر و تخلیق میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	A	1
حصہ دوم					
	سوال ۲ (جزو: الف)	مہارت	حاصلات تعلم	وقوفی سطح cognitive Level	ماڈل پرچے میں مختص نمبر
۱۶	i.	قواعد / زبان شناسی	SLO: U-09-E-[01] واحد جمع (جمع مکسر، جمع سالم) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	U	3
۱۷	ii.		SLO: U-09-E-[03] متضاد الفاظ کی جوڑیاں شناخت کرتے ہوئے تحریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	U	3
۱۸	iii.		SLO: U-09-E-[08] ضرب الامثال، روزمرہ اور محاورات میں امتیاز کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں ان کا استعمال کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	A	3
۱۹	iv.		SLO: U-09-E-[05] جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی نشان دہی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	U	3
۲۰	v.	پڑھنا	SLO: U-09-C-[03] فہم کے ساتھ نظم و نثر پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جواب دے سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	U+A/U+A	1+2/1+2
۲۱	vi.	لکھنا	SLO: U-09-D-[04] نظم و نثر کو پڑھ کر اس کا مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	U+A	1+2
حصہ دوم: سوال ۲ (جزو: ب)					
۲۲	i.	پڑھنا	SLO: U-09-C-[03] فہم کے ساتھ نظم و نثر پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جواب دے سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی)	U	2
۲۳	ii.			U+A/U+A	1+1/1+1
۲۴	iii.			U+A	1+1
۲۵	iv.			U	2
حصہ سوم					
	سوال نمبر	مہارت	حاصل تعلم	وقوفی سطح cognitive	ماڈل پرچے میں مختص نمبر

					Level	
۲۶ ۲۷	سوال ۳	لکھنا	SLO: U-09-D-[02] نظم ونثر کے مفہوم کا آسان الفاظ میں تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی)		U+A	3+3
۲۸	سوال نمبر ۴	لکھنا	SLO: U-09-D-[03] نظم ونثر کو پڑھ کر ان کے اہم نکات کا خلاصہ لکھ سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی)		K U A	2 2 3
۲۹	سوال۵	لکھنا	SLO: U-09-D-[6] کسی بھی موضوع پر مکالمہ تحریر کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی)	(یا)	SLO: U-09-D-[07] کسی بھی سفر یا تقریب کی روداد تحریر کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی)	K/K U/U A/A	2/2 2/2 3/3
۳۰	سوال۶	لکھنا	SLO: U-09-D-[09] مختلف محکموں کے لیے درخواست تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی)	(یا)	SLO: U-09-D-[10] دعوت نامے تحریر کر سکیں۔ تفہیمی / اطلاقی)	U/U A/A	3/3 4/4
۳۱	سوال۷	لکھنا	SLO: U-09-D-[12] کسی بھی موضوع پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ کم از کم ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی)	(یا)	SLO: U-09-D-[13] پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی ضرورت کے تحت اشتہار تخلیق کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی)	K/K U/U A/A	2/2 2/2 3/3

Table of Specification

Model Paper Functional Urdu – Grade IX (9)
National Curriculum Pakistan 2025

مہارت / موضوع وقوفی میدان	پڑھنا	لکھنا	قواعد / زبان شناسی	کل نمبر	فیصد
یاد میں لانا	----------	4(2)، 5 (f/s) (2/2)، 6 (f/s) (2/2)، 7 (f/s) (2/2)،	----------	14	13.9
سمجھنا	2الف(v f/s) (1/1)، 2ب(i) (2)، 2ب(ii f/s) (1/1)، 2ب(iii)(1)، 2ب(iv) (2)،	2الف(vi) (1)، 3(3)، 4 (2)، 5 (f/s) (2/2)، 6 (f/s) (2/2)، 7 (f/s) (2/2)،	2الف(i) (3)، 2 الف(ii) (3)، 2الف(iv)(3)،	36	35.6
اطلاق / لاگو کرنا	2الف(v f/s) (2/2)، 2ب(ii f/s) (1/1)، 2ب(iii)(1)	2الف(vi) (2)، 3(3)، 4 (3)، 5 (f/s) (3/3)، 6, (f/s) (3/3)، 7 (f/s) (3/3)،	1 (i) (1)، 1(ii)(1)، 1 (iii) (1)، 1(iv) (1)، 1 (v) 1، (1) (vi) 1، (1) (vii)1 (1) (viii)1، (1) 1 (ix)(1)، 1 (x)(1)، 1 (xi)(1)، 1 (xii) (1) (1) 1 (xiii)، 1 (xiv)(1)، 1 (xv) (1)۔ 2الف(iii) (3)،	51	50.5
کل نمبر	16	58	27	101	100%
کل فیصد	15.8	57.4	26.8	…..	……

Note:

1. This TOS does not reflect policy, but it is particular to this model question paper.
2. Proportionate/equitable representation of the content areas may be ensured.
3. While selecting alternative questions for Short Response Questions (SRQs) and Extended Response Questions (ERQs), it must be kept in mind that:
   - Cognitive level of two alternative questions of the internal choice will be the same.
   - Difficulty levels of two alternative questions of the internal choice will be the same.



111 032 473

For more information, please visit
www.fbise.edu.pk

/ Federal.BISE.Official / FBISEOfficial / fbise.official